# خیرمقدم

اپنے دل میں نلکی ڈالنے کی کارروائی کے لیے Inova Heart and Vascular Institute (IHVI) منتخب کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ برائے مہربانی یقین رکھیں کہ آپ ماہر اور خیال رکھنے والے ہاتھوں میں ہیں۔ IHVI میں، ہمارے معالج، نرسیں اور قلبی و عروقی متخصصین ہمارے یہاں آپ کی کارروائی اور آپ کے قیام کے دوران آپ کو شاندار نگہداشت فراہم کرنے کے تئیں پرعزم ہیں۔ اگر آپ کے سوالات ہوں، تو برائے مہربانی اپنے معالج، نرس یا دل میں نالی ڈالنے کی لیب (cath lab) کے اراکین عملہ سے بلا جھجھک پوچھ لیں۔

## آپ کی کارروائی کے بارے میں

دل میں نلکی ڈالنے کا عمل ایک ایسی کارروائی ہے جس کے ذریعہ متعدد طرح کی دل کی بیماریوں یا رکاوٹوں کی تشخیص کی جاتی اور ان میں مبتلا مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے۔ اس مداخلتی طریقہ کار کے دوران، دل تک جانے والی شریانوں میں مریض کی داخلی ران یا بازو کے ذریعہ سے ایک نلکی داخل کی جاتی ہے۔ نلکی کے ذریعہ سے ایک کنٹراسٹ ڈائی داخل کی جاتی ہے، معالج دل کو خون فراہم کرنے والی شریانوں کو دیکھ کر یہ تعیین کر سکتے ہیں کہ آیا ان میں کوئی ایسا مسئلہ ہے جس سے شریانوں پر اثر پڑ رہا ہے، نیز وہ علاج کے بہترین طریقہ کی بھی تعیین کر سکتے ہیں۔

## آپ پر کارروائی کا وقت درج ذیل کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے:

**تاریخ:** ______________________________
*(Date)*

**مقام:** ______________________________
*(Location)*

**پہنچنے کا وقت:** ______________________________
*(Arrival Time)*

**کارروائی کا وقت:*** ______________________________
*(Procedure Time)*

***برائے مہربانی آپ کو یہ بات معلوم ہونی چاہئے کہ ہنگامی صورت حال کی وجہ سے آپ پر کارروائی والے دن شیڈول میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔ ہونے والی کسی بھی تبدیلی سے آپ کو مطلع رکھا جائےگا۔**

INOVA®

## کارروائی کی تیاری

### آپ کی کارروائی کے 14 دن پہلے: لیباریٹری کا کام مکمل کریں

لیباریٹری کا کام آپ کی کارروائی کے 3 سے 14 دن پہلے مکمل کیا جانا ضروری ہے تاکہ اسپتال کو بروقت طور پر نتائج مل سکیں۔ آپ اپنی پسند کی کسی ایسی لیباریٹری کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ کے بیمہ احاطہ کے ذیل میں آتی ہو۔

**لیباریٹری سروس کے مقامات**

Inova Laboratories شمالی ورجینیا کے پورے خطہ میں لیباریٹری ورک کے لیے اپوائنٹمنٹس پیش کرتی ہیں۔ مقامات اور اوقات کی فہرست کے لیے، ہماری ویب سائٹ **inova.org/locatelab** ملاحظہ کریں

**اگر آپ کے دل میں ڈالنے کی کارروائی Inova Fairfax Medical Campus میں ہو رہی ہو،** تو آپ اپنے لیباریٹری ورک اور جانچ کاوقت Inova Pre-Procedural Evaluation Clinic پر آن سائٹ بھی لے سکتے ہیں:

Inova Pre-Procedural Evaluation Clinic
Inova Professional Services Building, Ground Floor
3300 Gallows Rd., Falls Church, VA 22042

لیباریٹری کے اوقات: سوموار سے جمعہ، 7 بجے صبح سے 6:30 بجے شام تک

فون: **703.776.2000**

فیکس: **571.472.6508**

### اپنی کارروائی کے ایک سے تین دن پہلے: انٹرویو فون کال

آپ کو ایک ماقبل کارروائی انٹرویو فون کال موصول ہو گی جس میں آپ سے معلومات، شناخت اور مخصوص ضروریات کے بارے میں پوچھا جائے گا اور مزید وضاحت فراہم کی جائے گی۔ اگر آپ کو فون کال موصول نہیں ہوتی ہے، تو اپنی کارروائی والے دن درج ذیل معلومات اپنے ساتھ لے کر آئیں:

- موجودہ دواؤں کی فہرست، ان کی خوراک اور آپ انہیں کتنی بار لیتے ہیں، ان میں سبھی نسخہ والی نیز بغیر نسخہ والی دوائیں، سپلیمنٹس اور وٹامن شامل ہیں
- دواؤں، غذاؤں یا پودوں کے عرق کے تئیں الرجی
- ماضی کی جراحتیں اور طبی تاریخ
- کوئی دیگر متعلقہ طبی معلومات

**منسوخی: اگر آپ کو اپنی کارروائی منسوخ کرنے کی ضرورت پیش آجائے، آپ شدید بیمار ہو جائیں، یا آپ کی صحت حالت میں تبدیلی آجائے، تو اپنے معالج کے دفتر کو جتنی جلدی ممکن ہو کال کریں۔**

## ماقبل کارروائی کے انٹرویو کی ورک شیٹ

برائے مہربانی نرس کے ساتھ اپنے متعینہ فون انٹرویو کے لیے درج ذیل معلومات دستیاب رکھیں:

**فی الحال آپ جو دوائیں لے رہے ہیں ان کے نام**

(ان میں سبھی غیرنسخہ جاتی اور جڑی بوٹیوں کے سپلمنٹس شامل ہیں)

| دواؤں کے نام | خوراک | کتنی بارے لیتے ہیں |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

**ماضی کے ایسے اعمال جن میں مصنوعی بے حسی کی ضرورت پڑی تھی**

| کارروائی | مصنوعی بے حسی | مقام/تاریخ |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

**اپنے متخصص ڈاکٹروں اور بنیادی نگہداشت معالجوں کی فہرست دیں**

برائے مہربانی نوٹ کریں: ماہرین امراض قلب، امراض نظام تنفس، امراض گردہ، امراض خون/امراض رسولی، امراض اعصاب اور درد کی تنظیم کے ماہرین کی ضرورت پڑتی ہے، آپ کی صحت کی بنیاد پر کچھ دوسروں سے بھی درخواست کی جا سکتی ہے۔

| جو جانچ کرانی ہے | کہاں | کب |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

### غذا اور مشروب سے متعلق ہدایات

- اپنی کارروائی کے 24 گھنٹوں پہلے الکحل یا کیفین دھوئیں یا سیال کی شکل میں نہ لیں۔
- جس شام آپ پر کارروائی انجام دی جانی ہے اس سے پہلے والی رات میں آدھی رات کے ب عد نہ کھائیں، نہ پئیں نہ ہی گوند یا پودینے سے بنی چیزیں چبائیں۔

### دوائیں

- آپ کا معالج آپ کی معمولی کی دواؤں کو عارضی طور پر ایڈجسٹ کر سکتا ہے، بالخصوص اگر آپ کو ذیابیطس ہے۔
- اگر آپ کو IV کنٹراسٹ (ڈائی) یا گھونگھے سے الرجی ہے، تو آپ کے اسپتال پہنچنے پر یا اس سے پہلے اضافی دوائیں تجویز کی جا سکتی ہیں۔

### سرگرمی کی حدبندیاں: گھر/کام کے انتظامات

آپ کی نلکی داخل ہونے کے مقام کے اعتبار سے آپ کی سرگرمی محدود ہو گی۔ برائے مہربانی اسی کے مطابق منصوبہ بندی کریں:

- **کارروائی کے دوران داخلی ران تک رسائی:** کارروائی کے 24 گھنٹوں بعد تک زینہ کا محدود استعمال کریں اور پانچ دنوں تک کوئی بھی بھاری وزن (10 پونڈ سے زیادہ وزنی کوئی بھی چیز) نہ اٹھائیں۔
- **کارروائی کے دوران کلائی تک رسائی:** کارروائی کے بعد پانچ دنوں تک متاثرہ بازو کے ذریعہ 5 پونڈ سے زیادہ وزنی کوئی بھی چیز نہ اٹھائیں۔

### آمدورفت

اپنی منصوبہ بندی میں یہ شامل کریں کہ آپ اسپتال آتے اور جاتے وقت کسی ذمہ دار بالغ شخص (18 سال یا اس سے بڑا) کو ساتھ میں رکھیں گے کیونکہ دواؤں کے ضمنی اثرات اور سرگرمی کی حدبندیوں کی وجہ سے آپ اپنی کارروائی کے 24 سے 48 گھنٹوں تک گاڑی نہیں چلا سکتے ہیں۔

آپ کو کسی ذاتی گاڑی یا کیب میں لایا لے جایا جا سکتا ہے۔ تاہم، آپ کے ساتھ ایک ذمہ دار بالغ فرد کا ہونا ضروری ہے۔

## آپ کی کارروائی کا دن

- صبح کی دوائیں لینے کے لیے صرف کچھ گھونٹ پانی پئیں۔
- اپنی کارروائی کی صبح غسل کریں۔
- لوشن یا عطر نہ استعمال کریں۔
- آپ اپنے دانت صاف کر سکتے ہیں، مگر کچھ بھی اندر نہ نگلیں۔
- سبھی زیورات اتار دیں (ان میں سوراخ میں پہنے جانے والے زیورات بھی شامل ہیں)۔
- سبھی قیمتی اشیاء گھر پر چھوڑ دیں۔
- آرام دہ، ڈھیلاڈھالا لباس پہنیں۔
- اپنے ساتھ درج ذیل چیزیں لے کر آئیں:
  - فوٹو آئی ڈی/ڈرائیور لائسنس
  - بیمہ کارڈ
  - کوپے کارڈ، اگر ضرورت ہو
  - صحت نگہداشت سے متعلق پیشگی ہدایات یا تحریری وصیت کی ایک نقل
  - بیساکھیاں، واکر، چھڑی یا ضروری معاون آلات
  - اگر آپ گھر پر آکسیجن استعمال کرتے ہیں، تو اتنا آکسیجن ساتھ میں لائیں جو اسپتال آنے جانے کے دوران کافی ہو۔
  - عینک، رابطہ لینس، مصنوعی بتیسی، سننے کے معاون آلات وغیرہ کے ڈبے۔
  - اگر ضرورت ہو، تو ماسک، نلکیوں اور سیٹنگ کے ساتھ CPAP مشین۔
  - بچاؤ انہیلر، اگر استعمال کیا جائے
  - ممکنہ رات بھر قیام مدنظر ہاتھ منہ دھونے کےسامان
  - موجودہ دواؤں کی فہرست، ان کی خوراک اور آپ انہیں کتنی بار لیتے ہیں

### پہنچنا، چیک ان کرنا اور تیاری

اگر شیڈول کے مطابق آپ پر کارروائی **Inova Fairfax Medical Campus** کے **Inova Heart and Vascular Institute (IHVI)** میں انجام دی جانی ہے، تو پہنچنے کا وقت عموماً آپ پر کارروائی کی ونڈو کے دو گھنٹوں پہلے ہوتا ہے۔ تاہم، آپ کو اسپتال پہنچنے کے وقت سے متعلق ہدایات دی جائیں گی۔

گاڑی کو IHVI سے متصل مریض/ملاقاتی کے گرے گیراج میں پارک کریں، یا IHVI کے بغل واقع Inova Fairfax Hospital Surgical Center میں خدمتگار کی سروس استعمال کریں۔ گراونڈ فلور پر واقع IHVI عمارت میں داخل ہوں، اور کیتھ/برقی عضویات *(Electrophysiology (EP))* چیک ان علاقہ کی جانب جائیں۔

اگرشیڈول کے مطابق آپ پر کارروائی **Inova Alexandria Hospital** میں انجام دی جانی ہے، تو اپنے متعینہ وقت سے ایک گھنٹہ پہلے، یا ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق پہنچیں۔

اگرشیڈول کے مطابق آپ پر کارروائی **Inova Loudoun Hospital** میں انجام دی جانی ہے، تو اپنے متعینہ وقت سے 90 منٹ پہلے، یا ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق پہنچیں۔

جن مریضوں کا شیڈول 8 بجے صبح کی جانے والی کارروائیوں کے لیے ہے، وہ 7 بجے صبح پہنچ جائیں۔ پہنچ جانے پر، چیک ان کرنے کے لیے سیدھے رجسٹریشن علاقہ میں جائیں۔

**اسپتال کے مقامات، پہنچنے کے راستوں اور پارکنگ سے متعلق معلومات کے لیے، پشت کا صفحہ دیکھیں۔**

برائے مہربانی آپ کو یہ بات معلوم ہونی چاہئے کہ ہنگامی صورت حال کی وجہ سے آپ کی کارروائی والے دن شیڈول میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔ ہونے والی کسی بھی ایسی تبدیلی سے آپ کو مطلع رکھا جائےگا جس سے آپ کی کارروائی کےونڈو وقت پر اثر پڑے۔

### آپ کے چیک ان کرنے کے بعد:

- آپ نرس کا انتظار کریں گے جو آپ کو کارروائی والی جگہ لے جائے گی۔
- آپ کو اپنے نجی بھرتی کمرے میں لے جایا جائے گا۔
- کارروائی انجام دینے سے پہلے آپ کو اپنا مثانہ خالی کرنے کے لیے کہا جائے گا۔

- آپ کو اسپتال گاون اور غیرپھسلن والے موزے پہننے کو کہا جائے گا۔
- آپ سبھی امدادی آلات (بیساکھی، چھڑی، واکر، وہیل چیئر، نقل پذیر آکسیجن وغیرہ) آپ کے ساتھ آنے والے ذمہ دار بالغ شخص کےپاس رکھ دیں گے۔
- ایک نرس آپ کی بھرتی کا عمل مکمل کرے گی، علامات حیات کی پیمائش اور طبی تاریخ حاصل کرے گی، اور کارروائی پر نظرثانی کرے گی۔
- اگر آپ نے ایک تحقیق آزمائش میں اندراج سے اتفاق کیا ہے یا آپ اس کے اہل ہیں تو ایک طبی تحقیق رابطہ کار آپ سے ملاقات کر سکتا ہے۔
- ایک درون ورید (*intravenous (IV)*) لائن آپ کی ایک رگ میں رکھی جائے گی تاکہ کارروائی کے دوران آپ کو سیال اور دوائیں موصول ہو سکیں۔

## ساتھ میں آنے والا خاندان/دوست

### آپ کی کارروائی سے پ  ہلے

خاندان/دوست کی ایک محدود تعداد آپ کی کارروائی کی جگہ تک ساتھ جا سکتی ہے۔ آپ کی بھرتی کا عمل مکمل ہو جانے پر، وہ ماقبل کارروائی مرحلہ کے دوران آپ کے ساتھ رہ سکتے ہیں۔

### آپ کی کارروائی کے دوران

آپ کے مہمان استقبالیہ علاقہ میں انتظار کر سکتے یا اسپتال کے دیگر علاقوں میں جا سکتے ہیں۔ انھیں منفرد شناخت کنندہ والا ایک فارم دیا جائے گا جس کی مدد سے وہ انتظار کے علاقہ میں برقی بورڈوں پر دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کی کارروائی کے مرحلے میں ہے۔

### آپ کی کارروائی کے بعد

کارروائی مکمل ہو جانے پر، خاندان/دوستوں کو  بحالی علاقہ میں آپ کے پاس بلایا جائے گا۔ آپ کا معالج کارروائی کے بعد آپ اور آپ کے خاندان سے بات کرے گا۔

## آپ کی کارروائی کے دوران

نلکی ڈالنے کے عمل میں عام طور پر 60 سے 90 منٹ لگتے ہیں۔ اس کارروائی کے دوران، آپ ایک مخصوص ایکسرے میز پر لیٹیں گے۔ میز کے اوپر ایک بڑی سی ایکسرے مشین لگائی جائے گی، اس پر آپ کے دل کی تصویریں نظر آتی ہیں جنھیں دیکھ کر معالج قدرپیمائی کر سکتا ہے۔ آپ کی نبض، فشار خون اور آکسیجن کی سطحوں کی مسلسل نگرانی کی جاتی رہے گی۔ کمرہ ٹھنڈا اور روشن ہوگا، اور عملہ آپ کو گرم کمبل فراہم کرے گا۔

عملہ جراحتی ٹوپیاں، ماسک اور گاون پہنے ہوئے ہو گا تاکہ ماحول جراثیم سے پاک رہے۔ کارروائی کے دوران آپ بات کرسکیں اور سوالات پوچھ سکیں گے، مگر آپ کو بے حرکت لیٹا رہنا پڑےگا۔ دل میں نلکی ڈالنے والی ٹیم میں ایک ماہر امراض قلب، قلبی و عروقی متخصصین اور  قلبی کارروائیوں میں تخصص کی حامل رجسٹرشدہ نرسیں ہو تی ہیں۔

**کارروائی کے مراحل**

1. نلکی داخل کرنے کی جگہ کے بال صاف کرکے اسے ایک جراثیم کش صابن (نیلے-ہرے رنگ کی) سے صاف کیا جائے گا، اور جراثیم سے پاک پردے لگائے جائیں گے۔
2. اگر ضرورت ہوئی تو، آپ IV مسکن اور درد کش دوائیں دی جائیں گی تاکہ آپ کو سکون رہے۔
3. نلکی داخل کرنے کے علاقہ کے گرد آپ کی جلد میں ایک مقامی بے حسی پیدا کرنے والی دوا انجیکشن کے ذریعہ داخل کی جائے گی۔ ماہرامراض قلب آپ کی کلائی کے ریڈیل شریان میں یا آپ کی داخلی ران کے فیمورل شریان میں ایک نلکی رکھے گا۔ اگر کارروائی کے لیے کسی رگ کی ضرورت ہو، تو آپ کے بازو، گردن یا داخلی ران کی کسی رگ کو رسائی کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
4. ایک نلکی داخل کی جائے گی اور اسے گھما پھرا کر آپ کے دل تک پہنچایا جائے گا۔ دل کے بائیں حصے میں نلکی داخل کرنے کی صورت میں: جب نلکی آپ کے دل میں پہنچ جائے گی، تو نلکی کے ذریعہ سے تھوڑی مقدار میں ڈائی داخل کی جائے گی۔ اس کی مدد سے ماہر امراض قلب دل کی شریانوں میں خون کے بہاؤ کو دیکھ اور کسی رکاوٹ کی شناخت کر سکے گا۔ آپ کی شریانوں کی تصویریں متعدد زاویوں سے لی جائیں گی۔ جب ڈائی داخل کی جاتی ہے، تو ہو سکتا ہے آپ کو اپنے سینے میں ایک گرم، کچھ اچانک نکلنے کا احساس ہو۔ یہ احساسات معمول کے مطابق ہیں اور یہ جلد ہی ختم ہو جائیں گے۔ تاہم، کارروائی کے دوران کسی بھی وقت اگر آپ کو کسی بے آرامی جیسے کہ درد، چکر، سانس لینے میں دشواری، متلی یا کمر درد کا احساس ہو، تو برائے مہربانی ٹیم کے کسی رکن کو مطلع کر دیں۔
5. نلکی ہٹا لی جائے گی، اور اس جگہ کو بند کردیا جائے گا۔

- **ریڈیل شریان:** اگر کلائی کی ریڈیل شریان استعمال کی گئی تھی، تو سوراخ کی جگہ پر دباؤ بنانے کے لیے دو سے چار گھنٹوں تک ایک ملائم پلاسٹک کی پٹی لگائی جائے گی۔ بحالی نرس پٹی کے دباؤ کو دھیرے دھیرے کم کرے گی اور سوراخ کی جگہ کو ڈھکنے کے لیے ایک پٹی لگائے گی۔
- **فیمورل شریان:** اگر داخلی ران کی فیمورل شریان استعمال کی گئی تھی، تو معالج خون بہنے کو روکنے کی خاطر اس جگہ کو بند کرنے کے بہترین طریقہ کے بارے میں فیصلہ کرے گا۔
  - **دستی دباؤ:** خون بہنے کوروکنے کے لیے سوراخ کی جگہ پر 10 سے 20 منٹ تک براہ راست دباؤ بنایا جا سکتا ہے۔ جب یہ کر لیا جائے، تو سوراخ کی جگہ پر ایک چھوٹی سے پٹی لگائی جائے گی۔
  - **بند کرنے کا آلہ:** خون بہنے کو روکنے کے سلسلے میں مدد کرنے والے بہت قسم کے آلات ہوتے ہیں۔

## آپ کے دل میں نلکی ڈالنے کے فوراً بعد

**غیرداخل مریض**

نلکی ڈالنے کا عمل مکمل ہو جانے کے بعد، آپ ایک مریض بحالی کمرے میں چند گھنٹوں تک بستر پر آرام کریں گے۔ آپ نلکی ڈالنے کے لیے استعمال کیے جانے والے بازو یا پیر کو محدود طور پر ہی حرکت دے سکتے ہیں۔ آپ کی علامات حیات، نبض، رسائی کی جگہ(جگہوں) اور سکون کی قریب سے نگرانی کی جائے گی۔ آپ کے پاس ملاقات کرنے والے آسکتے ہیں*۔

کارروائی کے بعد منھ سے سیال دیے جانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ آپ کو IV سیال ملیں گے اور پانی/پھلوں کے رس پیش کیے جائیں گے۔

بستر پر آرام کرنے کی مدت کارروائی کے بعد ایک سے چھ گھنٹے تک ہے۔ مجوزہ مدت تک بستر پر آرام مکمل ہو جانے کے بعد آپ دو بار چلیں گے۔ اگر آپ کو کوئی مسائل نہیں ہوتے ہیں، تو مابعد کارروائی ہدایات پر نظرثانی کی جائے گی اور آپ کو اسپتال سے ڈسچارج کر دیا جائے گا۔

**اسپتال میں داخل مریض**

کارروائی مکمل ہوجانے کے بعد، آپ اپنے اسپتال کمرے واپس جائیں گے، جہاں آپ ایک سے چھ گھنٹوں تک بستر پر آرام کریں گے۔ آپ نلکی ڈالنے کے لیے استعمال کیے جانے والے بازو یا پیر کو محدود طور پر ہی حرکت دے سکتے ہیں۔ آپ کی علامات حیات، نبض، رسائی کی جگہ(جگہوں) اور سکون کی قریب سے نگرانی کی جائے گی۔ آپ کے پاس ملاقات کرنے والے آسکتے ہیں*۔

کارروائی کے بعد منھ سے سیال دیے جانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ آپ کو IV سیال ملیں گے اور پانی/پھلوں کے رس پیش کیے جائیں گے۔

آپ کو عام طور پر اگلے دن ڈسچارج کر دیا جاتا ہے سوائے یہ کہ دیگر طبی مسائل کا علاج چل رہا ہو۔

***ہماری طرف سے سردی، زکام یا دیگر متعدی بیماریوں میں مبتلا لوگوں کے ملاقات کی خاطر آنے کی ممانعت ہے، کیونکہ ہمارے بہت سارے مریض خاص طور پر انفیکشن کے تئیں حساس ہوتے ہیں۔**

## تحفظ

برائے مہربانی ان تحفظ کی رہنما ہدایات کو یاد کر لیں اور اپنی کارروائی کے بعد ان پر عمل کریں۔

- دواؤں کے ضمنی اثرات، آپ کے جسم کے ساتھ لگی چیزوں (IV، آکسیجن)
  اور ایک نامانوس ترتیب میں ہونے کی وجہ سے آپ کو گرنے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔
- اپنی کال بیل استعمال کریں۔
- انتظار کریں کہ آپ کے باتھ روم جاتے اور وہاں سے اٹھتے وقت عملہ کا کوئی فرد آپ کے ساتھ ساتھ چلے گا۔

## ڈسچارج

جب آپ کے اسپتال سے ڈسچارج ہونے کے لیے سبھی کارروائیاں مکمل ہو جائیں گی، تو آپ کو ایک ڈسچارج پٹی اور ایک مابعد ملاقات خلاصہ *(after-visit summary (AVS))* موصول ہو گا۔

رات میں قیام کرنے والے مریضوں کے لیے ڈسچارج وقت کی ونڈو عام طور پر 9 بجے صبح سے لے کر آپ کی کارروائی کے بعد والے دن کی دوپہر تک ہوتی ہے۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ ان اوقات کے دوران آپ کو گھر لے جانے والی گاڑی دستیاب رہتی ہے۔

## نسخہ جات

آپ کی نگہداشت ٹیم اس بات کو یقینی بنائےگی کہ آپ کی مجوزہ دوا(دوائیں) آپ کی منتخب فارمیسی پر پک اپ کے لیے دستیاب رہیں گی۔

آپ کی سہولت کے لیے، Inova Fairfax Medical Campus کے پاس Inova Pharmacy Plus کے نام سے ایک آن سائٹ خوردہ فروشی فارمیسی ہے، جو IHVI کے گراونڈ فلور نیز ایمرجنسی روم کے اندر واقع ہے۔ Inova Pharmacy Plus سے متعلق مزید معلومات کے لیے، **inova.org/pharmacyplus** ملاحظہ کریں

## گاڑی چلانے پر حدبندیاں

اگر آپ کو نیم بیہوشی یا بے حسی کی دوا دی گئی تھی، تو آپ اگلے 24 گھنٹوں تک گاڑی نہیں چلا سکتے ہیں۔ اگر رسائی کے مقام کے طور پر ریڈیل شریان استعمال کی گئی تھی، تو آپ اگلے 48 گھنٹوں تک گاڑی نہیں چلا سکتے ہیں۔ گھر جاتے وقت آپ کے ساتھ ایک ذمہ دار بالغ شخص (18 سال یا اس سے بڑا) کا ہونا ضروری ہے، اور ہمیں آپ کو اس شخص کا نام فراہم کرنا ہوگا جو آپ کو گھر لے کر جائے گا۔

## اہم فون نمبرات

**Inova Fairfax Hospital**

**مداخلتی قلبی و عروقی بھرتی اور بحالی..........................703.776.7050**
*(Interventional Cardiovascular Admission and Recovery (ICAR))*

**Cath Lab کا فیکس** *(Cath Lab Fax)*...............................**703.776.6700**

**شیڈول ترتیب دینے والا دفتر** *(Scheduling Office)*................**703.776.2393**

**Inova Alexandria Hospital**

**قلبی و عروقی اور مداخلتی ریڈیالوجی شعبہ...................703.504.7950**
*(Cardiovascular and Interventional Radiology Department)*

**Cath Lab کا فیکس** *(Cath Lab Fax)*...............................**703.504.3287**

**Inova Alexandria Hospital**

**Inova Heart and Vascular Institute,**
**Loudoun Campus.........................................703.858.8660**

**Cath Lab کا فیکس** *(Cath Lab Fax)*...............................**703.858.8670**

## اضافی فون نمبرات

**آپ کا معالج:**

---

**مالیاتی خدمات:**

Inova Alexandria Hospital.............................703.504.3069
Inova Fairfax Hospital....................................571.423.5750
Inova Loudoun Hospital ...............................703.858.8091

## Notice of Non-Discrimination

As a recipient of federal financial assistance, Inova Health System ("Inova") does not exclude, deny benefits to, or otherwise discriminate against any person on the basis of race, color, national origin, sex, disability or age in admission to, participation in, or receipt of the services or benefits under any of its programs or activities, whether carried out by Inova directly or through a contractor or any other entity with which Inova arranges to carry out its programs and activities.

This policy is in accordance with the provisions of Title VI of the Civil Rights Act of 1964, Section 504 of the Rehabilitation Act of 1973, the Age Discrimination Act of 1975, Section 1557 of the Affordable Care Act, and regulations of the U.S. Department of Health and Human Services issued pursuant to these statutes at 45 C.F.R. Parts 80, 84, 91 and 92, respectively.

Inova:

- Provides free aids and services to people with disabilities to communicate effectively with us such as:
  - Qualified sign language interpreters
  - Written information in other formats (large print, audio, accessible electronic formats and other formats)
- Provides free language services to people whose primary language is not English such as:
  - Qualified interpreters
  - Information written in other languages

If you need these services, please let our staff know of your needs for effective communication.

If you believe that Inova has failed to provide these services or discriminated in another way on the basis of race, color, national origin, age, disability or sex, you can file a grievance by calling **703.205.2175**. You can file a grievance in person or by mail, fax or email. If you need help filing a grievance, the Patient Relations staff is available to help you.

You can also file a civil rights complaint with the U.S. Department of Health and Human Services, Office for Civil Rights, electronically through the Office for Civil Rights Complaint Portal, available at **https://ocrportal.hhs.gov/ocr/portal/lobby.jsf**, or by mail or phone at:

U.S. Department of Health and Human Services
200 Independence Ave., SW
Room 509F, HHH Building
Washington, DC 20201

**1.800.868.1019, 800.537.7697 (TDD)**

Complaint forms are available at **http://www.hhs.gov/ocr/office/file/index.html**

# Interpreter Services are available at no cost to you.

## Please let our staff know of your needs for effective communication.

| | |
|---|---|
| **Spanish** | Atención: Si usted habla español, tiene a su disposición servicios gratuitos de asistencia con el idioma. Por favor infórmele a nuestro personal sobre sus necesidades para lograr una comunicación efectiva. |
| **Korean** | 알려드립니다: 귀하가 한국어를 구사한다면 무료 언어 도움 서비스가 가능합니다. 효과적인 의사전달을 위해 필요한 것이 있다면 저희 실무자에게 알려주시기 바랍니다. |
| **Vietnamese** | Chú ý: Nếu quý vị nói tiếng Việt, dịch vụ hỗ trợ ngôn ngữ có sẵn miễn phí cho quý vị sử dụng. Xin vui lòng thông báo cho nhân viên biết nhu cầu của quý vị để giao tiếp hiệu quả hơn. |
| **Chinese** | 注意：如果你說中文，可以向你提供免費語言協助服務。請讓我們的員工了解你的需求以進行有 效溝通。 |
| **Arabic** | انتباه: إذا كنت تتحدث العربية، تتوافر الخدمات المجانية للمساعدة في اللغة. يرجى إعلام فريق العمل باحتياجاتك من أجل الحصول على عملية تواصل فعالة. |
| **Tagalog** | Atensyon: Kung nagsasalita ka ng Tagalog, mayroong magagamit na mga libreng serbisyong tulong sa wika para sa iyo. Mangyaring ipaalam sa aming mga kawani ang iyong mga pangangailangan para sa epektibong komunikasyon. |
| **Farsi** | توجه: اگر به زبان فارسی صحبت می کنید، تسهیلات زبانی به صورت را یگان برای شما فراهم خواهد بود. به منظور برقراری ارتباط موثر، کارکنان ما را از نیازهای خود مطلع کنید. |
| **Amharic** | ትኩረት፡ አማርኛ የሚናገሩ ከሆነ ለእርስዎ የቋንቋ ድጋፍ አግልግሎቶች ከክፍያ በነጻ ይቀርብልዎታል፡፡ ውጤታማ የሆነ ኮሚዩኒኬሽን የሚፈልጉ ከሆነ ሰራተኞችን እንዲያውቅ ያድርጉ፡፡ |
| **Urdu** | توجہ: اگر آپ اردو بولتے ہیں تو، زبان امداد خدمات، مفت میں، آپ کو دستیاب ہیں۔ موثر مواصلت کے لیے برائے مہربانی ہمارے عملہ کو اپنی ضروریات کے بارے میں بتلا دیں۔ |
| **French** | Attention: Si vous parlez Francais, des services d'aide linguistique vous sont proposés gratuitement. Veuillez informer notre personnel de vos besoins pour assurer une communication efficace. |
| **Russian** | Внимание: Если вы говорите на русском языке, для вас доступны бесплатные услуги помощи с языком. Для эффективной коммуникации, пожалуйста, дайте персоналу знать о ваших потребностях. |
| **Hindi** | कृपया ध्यान दें : यदि आप हिन्दी बोलते है, तो आपके लिए निःशुल्क भाषा सहायता सेवा उपलब्ध है। कृपया प्रभावी संचार-संपर्क हेतु अपनी आवश्यकताओं के बारे में हमारे कर्मचारियों को बताएं। |
| **German** | Achtung: Wenn Sie Deutsch sprechen, stehen kostenlose Service-Sprachdienstleistungen zu Ihrer Verfügung. Teilen Sie unserem Team bitte Ihre Wünsche für eine effektive Kommunikation mit. |
| **Bengali** | দৃষ্টি আকর্ষণ করুন : আপনি যদি বাংলা বলতে পারেন, তাহলে আপনার জন্য বিনামূল্যে ভাষা সহায়তা সেবা পাওয়া যাবে। অনুগ্রহ করে কার্যকরী যোগাযোগের জন্য আপনার প্রয়োজনীয়তার বিষয়ে আমাদের কর্মীদের জানান। |
| **Kru (Bassa)** | Tò Ɖùǔ Nɔ̀mɔ̀ Dyíin Cáo: Ɔ jǔ ké m̀ dyi Gɔ̀ɖɔ̃ɔ̀-wùɖù (Ɓǎsɔ́ɔ̀-wùɖù) po ní, nìí, à ɓéɖé gbo-kpá-kpá ɓó wuɖu-dù kò-kò po-nyɔ̀ ɓě bìì nɔ̃ à gbo ɓó pídyi. M̀ dyi ɖɛ ɖò mɔ́ nɔ̃ à gbo ní, m̀ mɛ nyuɛ ɓɛ́ à kůà-nyɔ̀ ɓěɔ̀ kéɛ dyí dyuò, ké à kè mɔ̀ kè muɛ jè cẽìn nɔ̀mɔ̀ dyíin. |
| **Ibo** | Nrụbama: Ọ bụrụ na ị na asụ Igbo, ọrụ enyemaka asụsụ, n'efu, dịịrị gị. Biko mee ka ndị ọrụ anyị mara mkpa gị maka nkwukọrịta ga-aga nke ọma. |
| **Yoruba** | Akiyesi: Bi o ba nsọ Yoruba, awọn iṣẹ iranilọwọ ede wa l'ọfẹ fun ọ. Jọwọ jẹ ki ara ibiṣẹ wa mọ nipa awọn aini rẹ fun ibaraẹnisọrọ ti o munadoko. |

INOVA®

**Inova Alexandria Hospital**
**Inova Heart and Vascular Institute**
**4320 Seminary Rd.**
**Alexandria, VA 22304**
**703.504.3000**

### پارکنگ

پوری این ہاورڈ اسٹریٹ کے عمومی پارکنگ مقامات پر مفت پارکنگ دستیاب ہے۔ مفت خدمتگار پارکنگ مریض کے داخل ہونے کے راستے پر ، سوموار سے جمعہ تک، 5:30 بجے صبح سے 7:30 بجے شام تک دستیاب ہے۔

### ڈرائیونگ کا راستہ

**ارلنگٹن یا واشنگٹن، ڈی سی سے:** I-395 پر جنوب کی سمت سیمنری روڈ کے ایگزٹ تک آئیں۔ بائیں جانب مڑ کر مشرق کی جانب نکل جائیں۔ چار بلاک چلیں۔ اسپتال آپ کی دائیں جانب، سیمنری روڈ اور این ہاورڈ اسٹریٹ کے کونے پر ہو گا۔

**رچمنڈ سے:** I-95 پر شمال کی سمت Springfield تک آئیں۔ آپ I-395 ,I-495 یا I-95 پر جاسکتے ہیں۔ 395 پر شمال کی جانب چلتے رہیں یہاں تک کہ سیمنری روڈ پہنچ جائیں۔ دائیں جانب مڑ کر مشرق کی جانب نکل جائیں۔ چار بلاک چلیں۔ اسپتال آپ کی دائیں جانب، سیمنری روڈ اور این ہاورڈ اسٹریٹ کے کونے پر ہو گا۔

**Inova Fairfax Medical Campus**
**Inova Heart and Vascular Institute**
**3300 Gallows Rd.**
**Falls Church, VA 22042**
**703.776.4001**

### مریض کے داخل ہونے کا راستہ اور پارکنگ

ووڈبرن روڈ سے Inova Fairfax Medical Campus میں داخل ہوں ویلنس بولواڈ تک جائیں۔ Inova Fairfax Hospital Surgery Center اور Inova Heart and Vascular Institute سے گزریں اور اپنی دائیں جانب گرے گیراج میں داخل ہو کر پارک کریں۔ لفٹ کے ذریعہ لیول جی پر جائیں۔ گراونڈ فلور پر واقع عمارت میں داخل ہوں اور ہال میں چلتے رہیں یہاں تک کہ قلبی Cath Lab/EP Lab چیک ان ڈیسک آ جائے۔

### ڈرائیونگ کا راستہ

**I-495 سے ہوکر (کیپٹل بیلٹوے)**

**شمال کی جانب سے (ٹائسنس):** ایگزٹ #51 سے نکلیں۔ ریمپ کے ٹاپ پر، گیلوز روڈپار کر کے ووڈبرن روڈ پر آئیں۔ پہلی لائٹ پر، داہنی جانب مڑ کر ویلنس بولواڈ تک جائیں۔ Inova Fairfax Hospital Surgery Center اور Inova Heart and Vascular Institute سے گزریں اور اپنی دائیں جانب گرے گیراج میں داخل ہو کر پارک کریں۔

**جنوب کی طرف سے (الیگزانڈریا/اسپرنگ فیلڈ):** ایگزٹ 51 سے نکلیں۔ ریمپ کے ٹاپ پر ٹریفک لائٹ پر، بائیں جانب مڑ کر گیلوز روڈ تک جائیں۔ بائیں جانب مڑ کر ووڈبرن روڈ تک جائیں۔ پہلی ٹریفک لائٹ تک جائیں اور داہنی جانب مڑ کر ہوں ویلنس بولواڈ تک جائیں۔ Inova Fairfax Hospital Surgery Center اور Inova Heart and Vascular Institute سے گزریں اور اپنی دائیں جانب گرے گیراج میں داخل ہو کر پارک کریں۔

**روٹ 50 سے ہو کر**

**مغرب *(Fairfax)* کی جانب سے:** نکل کر 650/گیلوز روڈ تک جائیں۔ ریمپ کے ٹاپ پر، دائیں مڑ کر گیلوز روڈ تک جائیں۔ گیلوز روڈ پر آگے بڑھتے رہیں اور دائیں جانب مڑ کر ووڈبرن روڈ تک جائیں۔ پہلی ٹریفک لائٹ تک جائیں اور داہنی جانب مڑ کر ہوں ویلنس بولواڈ تک جائیں۔ Inova Fairfax Hospital Surgery Center اور Inova Heart and Vascular Institute سے گزریں اور اپنی دائیں جانب گرے گیراج میں داخل ہو کر پارک کریں۔

**مشرق کی جانب سے (واشنگٹن/فالس چرچ):** I-495 کے نیچے سے گزریں اور نکل کر 650/گیلوز روڈ تک جائیں۔ ریمپ کے ٹاپ پر لائٹ پر، بائیں جانب مڑ کر گیلوز روڈ تک جائیں۔ گیلوز روڈ پر آگے بڑھتے رہیں اور دائیں جانب مڑ کر ووڈبرن روڈ تک جائیں۔ پہلی ٹریفک لائٹ تک جائیں اور داہنی جانب مڑ کر ہوں ویلنس بولواڈ تک جائیں۔ Inova Fairfax Hospital Surgery Center اور Inova Heart and Vascular Institute سے گزریں اور اپنی دائیں جانب گرے گیراج میں داخل ہو کر پارک کریں۔

**Inova Loudoun Hospital**
**Schaufeld Family Heart Center**
**44035 Riverside Pkwy., Suite 120**
**Leesburg, VA 20176**
**703.858.8660**

### پارکنگ

معالج دفاتر II (بلڈنگ 44035) کے سامنے پارکنگ ڈیک میں مفت خدمتگار پارکنگ دستیاب ہے۔

### ڈرائیونگ کا راستہ

**لیسبرگ اور پوائنٹس ویسٹ سے:** روٹ 7 مشرق پرجائیں۔ نکل کر لینسڈون بولواڈ تک جائیں۔ پہلی اسٹاپ علامت پر دائیں مڑ کر ریورسائڈ پارک وے تک جائیں۔ پہلا دایاں موڑ لے کر اسپتال کے مین انٹرینس میں جائیں۔

**ٹائیسنس کارنر اور پوائنٹس ایسٹ سے:** روٹ 7 ویسٹ لیں۔ نکل کر لینسڈون بولواڈ تک جائیں۔ پہلی اسٹاپ علامت پر دائیں مڑ کر ریورسائڈ پارک وے تک جائیں۔ پہلا دایاں موڑ لے کر اسپتال کے مین انٹرینس میں جائیں۔

**ڈولس ساؤتھ اور پوائنٹس ساؤتھ سے:** لوڈون کاونٹی پارک وے پر جائیں۔ بائیں مڑ کر ایورگرین ملس روڈ تک جائیں۔ دائیں مڑ کر بیلمونٹ رج روڈ تک جائیں۔ دائیں مڑ کر روٹ 7 ایسٹ تک جائیں۔ نکل کر لینسڈون بولواڈ تک جائیں۔ پہلی اسٹاپ علامت پر دائیں مڑ کر ریورسائڈ پارک وے تک جائیں۔ پہلا دایاں موڑ لے کر اسپتال کے مین انٹرینس میں جائیں۔

G37634UR/11-19/pdf